لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگانِ اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۳۲ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۴ ذیقعدہ ۱۳۳۷ھ مطابق ۱۱ اگست ۱۹۱۹ء | جلد ۳۱

فہرست مضامین

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگانِ حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

تقرر

۲۹ جولائی ۱۹۱۹ء

حسبِ عرضداشت صاحب ہوم سکریٹری بہادر ۔ برنبار رپورٹ اسسٹنٹ سرجن صاحب ڈاکٹر ڈی ۔ کے ۔ سین ساکن بنگال کا تقرر بمشاہرہ پچاس روپیہ ماہوار بجائے بابو پیلال شعبۂ شفاخانہ ستی بانچ منظور فرمایا گیا ۔

رخصت

۳۰ جولائی ۱۹۱۹ء

حسبِ رپورٹ دیوالصدر رخصت مزید پندرہ یوم منشی محمد علیخان نائب دیوالصدر بوجہ علالت منظور فرمائی گئی ۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

تبادل

۴ر اگست سنہ ۱۹۱۹ء

حسب تحریر اسسٹنٹ سرجن صاحب ڈاکٹر محمد بخش سب اسسٹنٹ سرجن متعینہ شفاخانہ ملاپیکہ و ڈاکٹر عاشق علی سب اسسٹنٹ سرجن متعینہ شفاخانہ سوار مع تنخواہ خود باہم تبدیل کئے گئے۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

بحالی

۳۱ر جولائی سنہ ۱۹۱۹ء

حسب تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس محبوب شاہجہان سب انسپکٹر (جو بوجہ کرنے مارپیٹ بمعیت ہدایت علیخان ملازم فرسٹ بٹالین ملزم مقدمہ شہزادوں سر دعلی سکنہ درگو بنگلہ جرم دفعہ ۳۲۹ الزام ۳۴۲ معطل تھے) بحال کئے گئے۔

ترقی

۳۱ر جولائی سنہ ۱۹۱۹ء

حسب منشاء حکم بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم و سفارش صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس تقرر سے احمد نبی خان ہیڈ کانسٹبل مشاہرہ دار پچیس روپیہ ماہوار کا باضافہ پانچ روپیہ ماہوار بعہدہ سب انسپکٹری بجائے سجاد حسین سب انسپکٹر منسوخ منظور کیا گیا۔

استعفا

۳۱ر جولائی سنہ ۱۹۱۹ء

سید وحید حسن کا استعفا بمنشاء حکم بندگان عالی حضور معلی دام اقبالہم وملکہم منظور ہوا۔

اضافہ

یکم اگست سنہ ۱۹۱۹ء

حسب رائے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس بسلسلہ ترقی سید سجاد حسین سب انسپکٹر منسوخ سید عزت حسین مشاہرہ دار آٹھ روپیہ ماہوار کی تنخواہ میں دو روپیہ ماہوار اضافہ ہو کر دس روپیہ ماہوار کا ہیڈ کانسٹبل مقرر کیا گیا۔

ملخص احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۶ر جولائی سنہ ۱۹۱۹ء

حسب سفارش مفتی صاحب دیوانی رخصت دو ہفتہ شیو سہائے نائب محافظ دفتر دیوانی بوجہ علالت منظور کیگئی۔ ایام رخصت میں محافظ دفتر دیوانی بطور خود کسی محافظخانہ کے اہلکار سے کام لینگے۔

رخصت

۳۰ر جولائی سنہ ۱۹۱۹ء

حسب رپورٹ صاحب مجسٹریٹ پرگنہ حضور تحصیل رخصت مزید یکماہ مرزا شاد علی محرر جوڈیشل حضور تحصیل بوضع تنخواہ یکم اگست سنہ ۱۹۱۹ء سے منظور کی گئی۔

ملخص احکام اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

رخصت

۲۱ر جولائی سنہ ۱۹۱۹ء

بملاحظہ تحریر مہتمم صاحب خاصہ رخصت مزید پندرہ یوم سید امیر حیدر منصرم گاؤخانہ بوضع تنخواہ بکارگذاری فیروز شاہ خان کارندہ مواضعات محلات منظور کی گئی۔

رخصت

۲۱ر جولائی سنہ ۱۹۱۹ء

حسب سفارش صاحب سپرنٹنڈنٹ ذات خاص رخصت دو ہفتہ سید محمد خوشنویس کتب خانہ بموجب سارٹیفکٹ ڈاکٹری منظور کی گئی۔